پیش رفت

# مرکزی انجمن خُدّام القرآن
# کی سرگرمیوں کی اجمالی رپورٹ

(از ۱۵/ جون تا ۱۵/ ستمبر ۹۶ء)

---

مرکزی انجمن خدام القرآن کی مجلس شوریٰ کا اجلاس ہر تین ماہ بعد ہوتا ہے۔ اس موقع پر اہم انتظامی امور تو زیر بحث آتے ہی ہیں' اضافی طور پر اراکین شوریٰ کو گزشتہ تین ماہ کی سرگرمیوں اور کارگزاری سے بھی آگاہ کیا جاتا ہے۔ حالیہ اجلاس ۳۰ ستمبر ۹۶ء کو منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں مرکزی انجمن کی کارکردگی کی جو مختصر سہ ماہی رپورٹ پیش کی گئی اسے سطور ذیل میں ہدیۂ قارئین کیا جارہا ہے۔ (ادارہ)

---

## (۱) محترم صدر مؤسّس کا دورۂ امریکہ

محترم صدر مؤسس ۲۰/ جولائی کی صبح امریکہ کے دورے پر روانہ ہوئے اور لگ بھگ ڈیڑھ ماہ کے قیام کے بعد ۵/ ستمبر کو واپس کراچی تشریف لائے اور کراچی اور حیدر آباد میں چار روزہ پروگرام کی تکمیل کے بعد ۹/ ستمبر کو لاہور تشریف لائے۔ بعد ازاں محترم صدر مؤسس ایک مرتبہ پھر ۱۷/ ستمبر کو امریکہ کے مختصر دورے پر تشریف لے گئے اور ۲۴/ ستمبر کو دوپہر کی فلائٹ سے واپس تشریف لے آئے۔

## (۲) جامع القرآن کی توسیع

جامع القرآن کے تہہ خانے کا کام الحمدللہ مکمل ہوگیا ہے اور تمام دفاتر اس میں منتقل ہوچکے ہیں اور معمول کے مطابق کام کررہے ہیں۔ تہہ خانے میں تازہ ہوا کے انتظام کے

© rasailojaraid.com

لئے Sabro کے محمد صدیق صاحب نے ایگزاسٹ سسٹم نصب کروادیا ہے' جس کا انہوں نے انجمن سے کوئی خرچ وصول نہیں کیا۔

جامع القرآن کے برآمدے کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ جناب حاجی محمد اقبال صاحب' جو کہ خود انجینئر ہیں' اپنی نگرانی اور اپنے خرچ پر یہ کام کروا رہے ہیں۔

## (۳) محترم صدر مؤسس اور معتمد ذاتی کے دفاتر کی توسیع

محترم صدر مؤسس اور ان کے معتمد ذاتی کے دفاتر کی توسیع عمل میں آچکی ہے۔ یہ کام محترم صدر مؤسس کے دورۂ امریکہ کے دوران کیا گیا۔

## (۴) جلسۂ تقسیم اسناد

۱۸/ جولائی کو ایک حلقۂ رجوع الی القرآن کورس کے فارغ التحصیل طلبہ کے اعزاز میں قرآن آڈیٹوریم میں ایک جلسہ تقسیم اسناد منعقد کیا گیا۔ اس کی صدارت محترم صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے فرمائی۔ مہمان خصوصی کے فرائض مولانا سید مظفر حسین ندوی صاحب سابقہ ڈائریکٹر امور دینیہ حکومت آزاد کشمیر و سابق رکن اسلامی نظریاتی کونسل نے ادا فرمائے۔ دیگر مہمانان گرامی میں مولانا گوہر رحمٰن صاحب (مردان) مولانا مختار گل صاحب (صوابی) اور مولانا سید وصی مظہر ندوی صاحب (حیدر آباد) شامل ہیں۔ جناب نعیم صدیقی صاحب (لاہور) تقریر کے لئے تیار ہو کر تشریف لائے لیکن عارضۂ قلب کی وجہ سے قرآن آڈیٹوریم کی سیڑھیاں نہ چڑھ سکے' کیونکہ ان کے معالج نے انہیں ایسا کرنے سے منع کیا تھا۔ بہرحال یہ جلسہ تقسیم اسناد نہایت کامیاب رہا۔ تمام مقرر حضرات نے بھرپور تقاریر کیں۔ اور آڈیٹوریم بھی اپنی پوری وسعت کے ساتھ حاضرین و سامعین سے بھرا ہوا تھا۔

## (۵) بزم ہائے خدام القرآن

۱۶/ جولائی کی مجلس عاملہ میں ڈاکٹر عارف رشید صاحب نے بزم ہائے خدام القرآن کی سابقہ کارکردگی کی رپورٹ پیش کی۔ کارکردگی مایوس کن پائی گئی' کیونکہ بزم کے اصل

© rasailojaraid.c

مقصد یعنی اراکین انجمن کے درمیان باہمی رابطے اور تعارف کے معاملے میں کوئی پیش رفت نظر نہ آئی' اگرچہ درس قرآن اور عربی کلاسز کی محافل منعقد کی جاتی رہیں۔ تمام پہلوؤں پر غور و خوض کے بعد فیصلہ ہوا کہ بزم کے جو تفصیلی قواعد و ضوابط طے کیئے گئے تھے وہ ختم کر دیئے جائیں۔ محمد اشرف وصی صاحب کو بزم ہائے خدام القرآن کا نیا ناظم مقرر کیا گیا۔ انہوں نے اپنے منصب کا چارج سنبھال لیا ہے اور آئندہ میٹنگ میں وہ اپنے شعبے کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## (۶) انجمن کی مطبوعات و جرائد اور ویڈیو آڈیو کیسٹس پر سیلز ٹیکس

حال ہی میں حکومت کی طرف سے بہت سی اشیاء پر سیلز ٹیکس لگایا گیا ہے۔ ماہ جولائی میں یہ تحقیق کی جا رہی ہے کہ آیا انجمن کی مطبوعات و جرائد اور ویڈیو و آڈیو کیسٹس پر سیلز ٹیکس عائد ہو گا یا نہیں۔ ۱/۱۷ اگست کو اس ضمن میں ایک میٹنگ بلائی گئی جس میں ناظم اعلیٰ کے علاوہ جناب احسن الدین صاحب' شیخ محمد عقیل صاحب' رحمت اللہ بٹر صاحب' اکاؤنٹنٹ محمد یونس صاحب' مدیر مکتبہ فتح محمد قریشی صاحب اور منتظم عمومی نعیم الدین نے شرکت کی۔ اس میں فیصلہ ہوا کہ ہمیں اپنی مطبوعات اور جرائد پر تو ہر صورت میں ۵% سیلز ٹیکس ادا کرنا ہے' البتہ ویڈیو اور آڈیو کیسٹس کے بارے میں ابہام پایا جاتا ہے' اس لئے اس کی تصدیق کے لئے C.B.R کو خط لکھا جائے۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے C.B.R کو خط لکھ دیا گیا' جس کے جواب میں انہوں نے کنفرم کر دیا ہے کہ ہماری ویڈیو اور آڈیو کیسٹس پر سیلز ٹیکس عائد نہیں ہو گا۔

جولائی کے ماہ کا مطبوعات اور جرائد پر سیلز ٹیکس مبلغ -/۵۴۴۲ روپے جمع کرا دیا گیا ہے' اگرچہ یہ خریداروں سے وصول نہیں کیا گیا تھا۔ البتہ ماہ اگست سے سیلز ٹیکس قیمت میں شامل کر کے وصول کیا جا رہا ہے۔

## (۷) قرآن کالج

اس سال قرآن کالج کے F.A سال اول میں ۴۱ طلبہ نے داخلہ لیا' لیکن تین طالب علم بالکل ابتدائی مرحلہ میں کالج چھوڑ گئے۔ یوں کلاس بالفعل ۳۸ طلبہ سے شروع ہوئی۔

© rasailojaraid.com

۳۸ میں سے ۱۹ طلبہ اپنے واجبات مکمل ادا کر رہے ہیں جبکہ دیگر ۱۹ طلبہ کو مختلف مدوں میں رعایت دی گئی ہے۔ اس طرح رعایت کی کُل رقم ۹۳۰۰ روپے ماہانہ ہے جو کہ پچھلے سال کے مقابلے میں ۱۹۰۰ روپے کم ہے۔

ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کامیابی سے تکمیل کو پہنچا۔ اس کورس کو مکمل کرنے والوں میں ۲۶ مرد اور ۸ خواتین شامل ہیں۔

اگلے سال کے لئے بی اے سال اول اور ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے داخلے جاری ہیں۔

## (۸) شعبۂ انگریزی

اس شعبے کے تحت شائع ہونے والے انگریزی سہ ماہی مجلّے "The Quranic Horizons" کا تیسرا شمارہ شائع ہو چکا ہے' جبکہ چوتھے شمارے کا کام مکمل ہو چکا ہے اور یہ ان شاء اللہ ستمبر کے آخر میں شائع ہو جائے گا۔ راولپنڈی میں ۴/ اکتوبر سے شروع ہونے والے تنظیم اسلامی کے سالانہ اجتماع کے موقع پر اس مجلّہ کے چاروں شمارے دستیاب ہوں گے۔ اس کے باقاعدہ خریداروں کی تعداد ۴۵۱ ہو گئی ہے۔

قرآن اکیڈمی نے Internet اور E-Mail کی جو سہولت حاصل کی ہے اسے شعبہ انگریزی کے تحت operate کیا جا رہا ہے۔ محترم صدر مؤسس کی ہدایت پر شعبہ انگریزی نے موصوف کے "جہاد بالقرآن" کے موضوع پر اردو خطابات کی انگریزی زبان میں "Quran : Our Weapon in the War of Ideas" کے عنوان سے تلخیص تیار کی اور اسے کتابچہ کی صورت میں اشاعت کے لئے اکیڈمک ونگ کے حوالے کیا۔ علاوہ ازیں عرصہ زیر نظر میں محترم صدر مؤسس کے دو خطابات جمعہ کے پریس ریلیز انگریزی اخباروں کو ارسال کئے گئے۔

## (۹) اکیڈمک ونگ و مکتبہ

شعبہ اکیڈمک ونگ و مکتبہ کے تحت محترم صدر مؤسس کے تحریر کردہ ۱۹۶۹ء تا ۱۹۷۲ء کے

© rasailojaraid.com

اداریوں پر مشتمل ایک نئی کتاب بعنوان "پاکستان کی سیاست کا پہلا عوامی وہنگامی دور" طبع ہوئی۔

محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے کتابچہ "جہاد بالقرآن" کی انگریزی زبان میں تلخیص Quran : Our Weapon in the War of Ideas کے عنوان سے شائع کی گئی۔ اس کتاب کو نیویارک میں تقسیم کیا گیا۔ سات کتب کے نئے ایڈیشن زیور طبع سے آراستہ ہوئے جبکہ تین نئی کتب اور پانچ کتب کے نئے ایڈیشن ان دنوں تیاری کے مراحل میں ہیں، جو ماہ رواں کے آخر تک طباعت کے مراحل طے کرلیں گی۔ میثاق، حکمت قرآن، ندائے خلافت اور "The Quranic Horizons" باقاعدگی سے شائع ہوئے۔

© rasailojaraid.c

مکتبہ انجمن کے تحت /-۱۴۰۵۷۴ روپے کی کتب فروخت ہوئیں۔ آڈیو کیسٹس ۵۴۷۰ کی تعداد میں، جن کی مالیت /-۱۴۸۸۲۱ روپے ہے، جبکہ ویڈیو کیسٹس ۶۰۰ کی تعداد میں، جن کی مالیت /-۹۰۰۰ روپے ہے، فروخت ہوئیں۔

## (۱۰) شعبہ خط وکتابت کورسز

ماہ جون تا ستمبر قرآن حکیم کی فکری و عملی رہنمائی کورس میں ۱۳۷، عربی گرامر کورس حصہ اول و دوم میں ۱۰۲، اور ترجمہ قرآن کورس میں ۳۹ داخلے ہوئے۔ ماہ جون کے آخر میں اخبار میں اشتہار دیا گیا تھا جس کی بنا پر اس عرصہ کے دوران معمول سے زیادہ داخلے ہوئے۔

## (۱۱) نئی رکنیت

جولائی تا ستمبر ۹۶ء (تین ماہ کے دوران) کل ۱۵ افراد نے مرکزی انجمن کی رکنیت حاصل کی۔ تفصیل درج ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| حلقہ محسنین | = | ۴ |
| حلقہ مستقل ارکان | = | ۱ |
| حلقہ عام ارکان | = | ۱۰ |
| کل | | ۱۵ |

© rasailojaraid.c